**Press Release**
**For immediate Release**
**August 8, 2016**

**SECP has notified the Listed Companies (Buy-Back of Shares) Regulations, 2016**

**ISLAMABAD, August 8:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has notified the Listed Companies (Buy-Back of Shares) Regulations, 2016. The regulations shall be applicable to buy-back of own shares by listed companies.

The regulations provide for either cancellation of the purchased shares or retaining the same as treasury shares. The earlier framework for buy-back did not provide for retaining the purchased shares as treasury shares, rather the purchased shares had to be cancelled. Buy-back of own shares by listed companies is normally undertaken for stabilizing the market price of their shares particularly when the market is passing through a bearish phase. The regulations have been finalized after obtaining public comments and holding consultation sessions with key stakeholders.

The regulations encompass the eligibility criteria for buy-back, like maintaining the minimum paid-up capital and free float, authorization of the purchase with the approval by the members of the purchasing company by way of special resolution, the purchase methods, appointment of the manager to purchase, procedure for setting the purchase price, restrictions, rights and privileges of the treasury shares, limitation on treasury shares, compliance with the applicable international financial reporting standards relating to the treasury shares, disposal of treasury shares and maintaining record thereof.

It is expected that the regulations will help the listed companies to buy-back their own shares in a transparent manner to achieve the desired purpose in the best interest of the purchasing company, the shareholders and the capital market.

# ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیوں کے لئے (حصص کی واپس خریداری) کے ضوابط جاری کر دئے

اسلام آباد،۱۸اگست: ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیوں کے لئے اپنے حصص بازارِ حصص سے واپس اٹھانے کے لئے ضوابط جاری کر دئے ہیں۔ یہ ضوابط لسٹڈ کمپنیز (حصص کی واپس خریداری) ضوابط 2016 کہلائیں گے۔ ضوابط کے ذریعے واپس خریدے گئے حصص کی منسوخی یا کمپنی کی طرف سے انہیں بطورِ ٹریژری حصص اپنے پاس رکھنے کی صراحت کی گئی ہے۔ قبل ازیں اس حوالے سے فریم ورک میں واپس خریدے گئے حصص کو اپنے پاس بطورِ ٹریژری حصص رکھنے کی صراحت نہ تھی، بلکہ واپس خریدے گئے حصص کمپنیوں کو منسوخ کرنا پڑتے تھے۔ کمپنیاں عام طور پر اپنے حصص کی قیمتوں میں استحکام لانے کے لئے انہیں واپس خرید لیتی ہیں۔

مذکورہ ضوابط کو عوامی آراء حاصل کرنے اور اہم سٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی شکل دی گئی ہے۔ان ضوابط کے ذریعے واپس خریداری کے لئے معیارِ اہلیت جیسا کہ کم از کم اداشدہ سرمایہ اور فری فلوٹ، خریدنے والی کمپنی کے اراکین کی جانب سے خصوصی قرارداد کے ذریعے خریداری کی منظوری، خریداری کے طریقِ کار، خریداری کے لئے مینجر کے تقرر، قیمتِ خرید کے تعین کے لئے طریقِ کار، عائد شدہ پابندی، ٹریژری حصص کے لئے حقوق اور رعایتوں، ٹریژری حصص پر پابندیوں، ٹریژری حصص کے حوالے سے مالیاتی رپورٹنگ کے قابلِ اطلاق بین الاقوامی معیارات، ٹریژری حصص کی فروخت اور ان کے ریکارڈ رکھنے کا احاطہ کیا گیا ہے۔ توقع کی جارہی ہے کہ یہ ضوابط خواہش مند لسٹڈ کمپنیوں کی جانب سے حصص داران اور کیپیٹل مارکیٹ کے بہترین مفاد میں شفاف طریقے سے اپنے حصص کی واپس خریداری میں معاون ثابت ہوں گے۔